احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 19 مارچ 2007ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 19 مارچ 2007ء 29 صفر 1428 ہجری 19 امان 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 61

دو بری عادتیں

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

دو عادتیں یعنی بخل اور برے اخلاق مومن میں جمع نہیں ہوتے۔

(جامع ترمذی کتاب البر والصلة باب فی البخیل حدیث نمبر:1885)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اخلاق نیکیوں کی کلید ہے

اخلاق دوسری نیکیوں کی کلید ہے۔ جو لوگ اخلاق کی اصلاح نہیں کرتے وہ رفتہ رفتہ بے خیر ہو جاتے ہیں۔ میرا تو یہ مذہب ہے کہ دنیا میں ہر ایک چیز کام آتی ہے۔ زہر اور نجاست بھی کام آتی ہے۔ اسٹرکنیا بھی کام آتا ہے۔ اعصاب پر اپنا اثر ڈالتا ہے۔ مگر انسان جو اخلاق فاضلہ کو حاصل کر کے نفع رساں ہستی نہیں بنتا۔ ایسا ہو جاتا ہے کہ وہ کسی بھی کام نہیں آ سکتا۔ مردار حیوان سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس کی تو کھال اور ہڈیاں بھی کام آ جاتی ہیں۔ اس کی تو کھال بھی کام نہیں آتی۔ اور یہی وہ مقام ہوتا ہے۔ جہاں انسان بل ھم اضل کا مصداق ہو جاتا ہے۔ پس یاد رکھو کہ اخلاق کی درستی بہت ضروری چیز ہے' کیونکہ نیکیوں کی ماں اخلاق ہی ہے۔

خیر کا پہلا درجہ جہاں سے انسان قوت پاتا ہے۔ اخلاق ہے۔ دو لفظ ہیں۔ ایک خَلق اور دوسرا خُلق۔ خَلق ظاہری پیدائش کا نام ہے اور خُلق باطنی پیدائش کا۔ جیسے ظاہر میں کوئی خوبصورت ہوتا ہے اور کوئی بہت ہی بدصورت۔ اسی طرح پر کوئی اندرونی پیدائش میں نہایت حسین اور دلربا ہوتا ہے اور کوئی اندر سے مجذوم اور مبروص کی طرح مکروہ۔ لیکن ظاہری صورت چونکہ نظر آتی ہے' اس لئے ہر شخص دیکھتے ہی پہچان لیتا ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور نہیں چاہتا کہ بدصورت اور بدوضع ہو' مگر چونکہ اس کو دیکھتا ہے اس لئے اس کو پسند کرتا ہے اور خُلق کو چونکہ دیکھا نہیں' اس لئے اس کی خوبی سے ناآشنا ہو کر اس کو نہیں چاہتا۔ ایک اندھے کے لئے خوبصورتی اور بدصورتی دونوں ایک ہی ہیں۔ اسی طرح پر وہ انسان جس کی نظر اندرونہ تک نہیں پہنچتی' اس اندھے ہی کی مانند ہے۔ خَلق تو ایک بدیہی بات ہے۔ مگر خُلق ایک نظری مسئلہ ہے۔ اگر اخلاقی بدیاں اور ان کی لعنت معلوم ہو۔ تو حقیقت کھلے۔ غرض اخلاقی خوب صورتی ایک ایسی خوب صورتی ہے' جس کو حقیقی خوب صورتی کہنا چاہئے۔ بہت تھوڑے ہیں جو اس کو پہچانتے ہیں۔ اخلاق نیکیوں کی کلید ہے۔ جیسے باغ کے دروازے پر قفل ہو۔ دور سے پھل پھول نظر آتے ہیں۔ مگر اندر نہیں جا سکتے۔ لیکن اگر قفل کھول دیا جاوے' تو اندر جا کر پوری حقیقت معلوم ہوتی ہے اور دل و دماغ میں ایک سرور اور تازگی آتی ہے۔ اخلاق کو حاصل کرنا گویا اس قفل کو کھول کر اندر داخل ہونا ہے۔

کسی کو اخلاق کی کوئی قوت نہیں دی گئی' مگر اس کو بہت سی نیکیوں کی توفیق ملی۔ ترک اخلاق ہی بدی اور گناہ ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 353)

(واقفین زندگی) ڈاکٹرز کی ضرورت

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 15 دسمبر 2006ء میں ڈاکٹروں کی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''بات چلی ہے تو میں ذکر کر دوں جماعت کے ہسپتال ہیں پاکستان میں بھی ربوہ میں بھی اور افریقہ میں بھی۔ وہاں ڈاکٹروں کی ضرورت ہوتی ہے ان کو بھی گو کہ تنخواہ بھی مل رہی ہوتی ہے ایک حصہ بھی مل رہا ہوتا ہے لیکن شاید باہر سے کم ہو۔ تو بہرحال خدمت خلق کے جذبے کے تحت ڈاکٹروں کو بھی اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے۔ چاہے 3 سال کیلئے کریں۔ چاہے 5 سال کیلئے کریں۔ زندگی کیلئے کریں لیکن وقف کر کے آگے آنا چاہئے اور یہی چیزیں ہیں جو ان کو پھر اللہ تعالیٰ کا قرب عطا کریں گی اور ان پر اتنے فضل ہونگے کہ اللہ تعالیٰ کی صفت رحمانیت ان پر جلوہ گر ہوگی۔''

ڈاکٹر صاحبان کو چاہئے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر وقف کی روح سے اور خدمت خلق کے جذبہ سے آگے آئیں اور اپنی درخواستیں بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ بھجوائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

یوم تحریک جدید

امراء صدر صاحبان جماعت احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ 6۔اپریل 2007ء بروز جمعۃ المبارک یوم تحریک جدید منانے کا اہتمام فرمائیں۔ جس میں مطالبات تحریک جدید پر خصوصی توجہ دلائی جائے اور اس کی رپورٹ سے وکالت دیوان کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل دیوان تحریک جدید ربوہ)

طاہر ہومیو پیتھک کلینک بند رہے گا

طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ مورخہ 20 تا 31 مارچ 2007ء بیرون ربوہ سے آنے والے مریضوں کیلئے بند رہے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

خدا کا فضل اُترا

خدا کا فضل اترا آسماں سے
نوازا پھر مجھے اس نے مکاں سے

یہی امید تھی مولیٰ پہ مجھ کو
ہوئی پوری وہ فضل آسماں سے

مجھے محمود کی بستی کے ذرے
پیارے ہیں مجھے سارے جہاں سے

دعاؤں سے ہے یہ سیراب بستی
اسے برکت ملی رب جہاں سے

ہوئے پیدا وہ پیارے اس زمیں پر
ملی جن کو خلافت آسماں سے

سدا دیکھوں میں ربوہ کی زمیں کو
معطر جاں کروں اس گلستاں سے

خدا ربوہ کو پھر مسرور کر دے
دکھا یہ بھی تُو رحمت کے نشاں سے

دعا مومن کی ہے یہ پیارے باری
ہمیں تُو ہی بچا ہر امتحاں سے

خواجہ عبدالمومن

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

مسابقت الی الخیرات

تحریک جدید کے سال کا اختتام اگرچہ ماہ اکتوبر میں ہوتا ہے۔ لیکن تحریک جدید کے مخصوص حالات اور عالمگیر ذمہ داریاں پیش نظر رکھتے ہوئے اس تحریک کے مقدس بانی نے تحریک جدید کی مالی قربانی سے عہدہ برأ ہونے میں سبقت کو بہت پسند فرمایا ہے۔ اس ضمن میں حضرت مصلح موعود کے خطبہ جمعہ 29 نومبر 1935ء کے ارشادات ہدیہ قارئین کئے جاتے ہیں۔

”یاد رکھو نیکی جتنی جلدی کی جائے اتنا ہی ثواب زیادہ ہوتا ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ یہ خیال کر لیتے ہیں کہ آخر میں دینگے، بعض اوقات وہ دے ہی نہیں سکتے۔ بعض نے مجھے خطوط لکھے ہیں کہ ہم نے خیال کیا تھا کہ بعد میں دے دینگے۔ مگر بدبختی سے ملازمت جاتی رہی یا آمد کے دوسرے ذرائع بند ہو گئے۔ پس یہ مت خیال کرو کہ سال کے آخر تک دے دینگے جو لوگ آخر وقت نماز ادا کرنے کے عادی ہوتے ہیں وہ بھول بھی جاتے ہیں پس پہلے دینے کا ثواب زیادہ ہوتا ہے۔“

(خطبات محمود جلد 16 صفحہ 754)

اندریں صورت مخلصین جماعت سے درخواست ہے کہ وہ حضور کے ارشاد مذکورہ بالا کے پیش نظر اپنی موعودہ قربانی کو پیش کرنا سال کے آخر تک موخر نہ رکھیں بلکہ اولین موقع پر اس سے عہدہ برأ ہونے کی کوشش کریں اور سبقت کے ثواب سے بہرہ ور ہوں۔

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

تقریب آمین

مکرم میر غلام احمد نسیم صاحب (ر) مربی سلسلہ حال نیو جرسی امریکہ تحریر کرتے ہیں کہ یکم اکتوبر 2006ء کو بیت الہادی سنٹرل جرسی امریکہ میں ایک تقریب آمین منعقد ہوئی۔ جس میں میرے نواسے ابدال احمد ولد مکرم ڈاکٹر عبدالحفیظ صاحب اور پوتی فارعہ احمد میر بنت مکرم ڈاکٹر میر مقبول احمد صاحب بھی شامل ہوئے۔ مکرم ڈاکٹر عبدالحفیظ صاحب اور ان کی اہلیہ مکرمہ ڈاکٹر امۃ الشکور صاحبہ مجلس نصرت جہاں سکیم کے تحت گیمبیا اور تنزانیہ میں تقریباً گیارہ سال طبی خدمات بجالاتے رہے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن کریم کی برکت سے نوازے اور اس کے معارف سمجھنے اور تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نکاح

مکرم رانا محمد نصیر خان صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ ملتان تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم محمد محمود خان صاحب ملتان کے نکاح کا اعلان مکرمہ بشریٰ سکندر صاحبہ بنت مکرم سکندر علی خان صاحب مرحوم لاہور کے ساتھ محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے 2 فروری 2007ء کو گیسٹ ہاؤس ٹاؤن شپ لاہور میں کیا۔ مکرم محمد محمود خان صاحب، مکرم محمد بشیر خان گلگتی صاحب ولد حضرت خان بہادر غلام محمد خان صاحب گلگتی مرحوم رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے ہیں۔ اور خاکسار حضرت مسیح موعود کے رفیق 313 صوفی شیخ مولا بخش صاحب کا نواسہ ہے۔ دلہا کے نانا جان مکرم چوہدری فضل الرحمٰن اسلم صاحب مرحوم کا تعلق جھنگ سے تھا اور آپ مکرم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نوبیل انعام یافتہ کے قریبی عزیزوں میں سے تھے۔ دلہن چنیوٹ کے مخلص احمدی مکرم شیخ فضل کریم وہرہ صاحب کی نواسی ہیں جو کہ مکرم صدیق بانی صاحب کے قریبی عزیز ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت کرے۔ آمین

ایک صاحب عبدالحکیم خان نامی پہلے پہل فجی میں

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں آسامیاں

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ اس کے درج ذیل شعبہ جات میں آسامیاں خالی ہیں۔ ایسی خواتین وحضرات جوان آسامیوں کیلئے کوالیفائیڈ ہوں اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی سفارش کے ساتھ جلد ارسال کریں۔

نمبر شمار	شعبہ	آسامی
1	انجینئرنگ	بائیومیڈیکل انجینئر، مینٹیننس انجینئر، بائیومیڈیکل ٹیکنیشن، الیکٹریشن، پلمبر کارپینٹر
2	انفارمیشن ٹیکنالوجی	سافٹ ویئر انجینئر، اسسٹنٹ نیٹ ورک انجینئر

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ماخوذ از سوونیئر جماعت احمدیہ فجی .... انگریزی سے ترجمہ: احمد مستنصر قمر صاحب

فجی (Fiji) میں جماعت احمدیہ عالمگیر کا قیام اور روز افزوں ترقی

''نانڈی'' کے مقام پر کاروبار کے سلسلے میں آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ احمدی ہیں اور یہ کہ پاکستان سے الفضل انہیں باقاعدگی سے ملتا ہے۔ وہ یہ اخبار مبارک احمد خان صاحب، حاجی محمد رمضان صاحب مرحوم اور محمد جان خان صاحب مرحوم کو پڑھنے کے لئے دیا کرتے تھے۔ الفضل کا مطالعہ کرنے والے یہ تینوں احباب لاہوری جماعت کے سرکردہ افراد میں سے تھے۔ انہیں الفضل کے ذریعے ہی جماعت کے دو حصوں میں بٹ جانے اور اختلافات کے بڑھنے کا علم ہوا تھا۔ چنانچہ ان اختلافات کی حقیقت جاننے کے لئے حاجی محمد رمضان صاحب مرحوم جو ایک بڑے کاروبار کے مالک تھے اور مرزا مظفر بیگ کے حامیوں میں سے تھے، نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنے خاندان کے افراد اور ایک پوتے محمد عاقب خان کے ساتھ حج پر جائیں۔

چنانچہ حج سے واپسی پر انہوں نے لاہور، قادیان اور ربوہ کا بھی دورہ کیا۔ اور ربوہ میں حضرت مصلح موعود سے بھی ملاقات کی۔ کچھ دیر حضور سے گفتگو کے بعد حاجی محمد رمضان صاحب اس بات کے قائل ہو گئے کہ جماعت احمدیہ مبائعین ہی دین حق کی حقیقی علمبردار ہے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت مصلح موعود کی بیعت کی اور جماعت کی دعوت الی اللہ کی سرگرمیوں سے اس قدر متاثر ہوئے کہ حضور سے درخواست کی کہ ایک مشنری فجی بھی بھیجا جائے۔ حضور نے ازراہ شفقت یہ درخواست منظور فرمالی۔

چنانچہ 1960ء کے اواخر میں حضور نے مولانا شیخ عبدالواحد فاضل کو فجی بھجوایا۔ فجی میں آنے کے بعد مختلف جگہوں کے ایک تعارفی دورے کے بعد وہ مستقل طور پر ''نانڈی'' میں قیام پذیر ہوئے۔ ''نانڈی'' میں جماعت نے ایک مکان کرائے پر حاصل کیا ہوا تھا۔ جو چند سال تک بیت الذکر، لائبریری اور مشن کی دیگر ضروریات کے لئے استعمال ہوتا رہا۔ ''نانڈی'' میں کچھ عرصہ قیام کے بعد مولانا صاحب ''لوٹوکا'' (Laotoka) منتقل ہو گئے۔ وہاں وہ شمس الدین خان صاحب مرحوم اور ان کے خاندان کے ہمراہ قیام پذیر رہے۔ اور پھر کچھ عرصے کے بعد ''سوا'' (SUVA) چلے گئے۔ ''نانڈی'' میں شیخ عبدالواحد صاحب کے ذریعے احمدیت میں داخل ہونے والوں میں مبارک احمد خان صاحب مرحوم، محمد جان خان صاحب مرحوم اور حاجی محمد رمضان خان صاحب مرحوم تو ربوہ میں بیعت کر چکے تھے۔ البتہ ان کے خاندان کے دیگر افراد نے شیخ عبدالواحد صاحب کے ذریعے اپنی بیعت مرکز بھجوائی۔

''لوٹوکا'' میں محمد شمس الدین خان صاحب اور امام کمال الدین خان صاحب، ''سوا'' میں محمد یاسین خان صاحب، غلام حسین صاحب، صابر حسین صاحب، محمد حکیم خان صاحب، وزیر کمال الدین صاحب، خدائی بخش، ''ناؤسری'' میں محمد اسماعیل ٹیلر اور ان کا خاندان، ''مارو'' میں مولوی محمد قاسم صاحب اور ان کا خاندان اور ماسٹر محمد حسین صاحب نے بیعت کی۔

مولانا عبدالواحد فاضل صاحب کے ''سوا'' میں قیام کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ ایک مشن قائم کیا جائے جہاں سے باقاعدہ دعوت الی اللہ کے کام کا آغاز کیا جائے۔ اس سلسلے میں ایک کمیٹی بنائی گئی جس کے ممبران مولانا شیخ عبدالواحد صاحب، وزیر کمال الدین صاحب اور امام کمال الدین صاحب مقرر ہوئے۔ چنانچہ مشن ہاؤس سے ملحقہ ایک عمارت جو سی۔ ایل۔ پٹیل نامی ایک صاحب کی تھی، کرائے پر حاصل کی گئی۔ اور وہاں پر بیت الذکر، مشن ہاؤس، لائبریری، مربیان کی رہائش گاہ اور گیسٹ ہاؤس وغیرہ بنائے گئے۔ 1961ء میں ایک صاحب حاجی عبداللطیف صاحب جماعت میں شامل ہوئے۔ اور بہت مفید وجود ثابت ہوئے۔ چنانچہ اس کے بعد ایک ماہانہ رسالہ بھی دعوت الی اللہ کے مقصد کے لئے نکالا جانے لگا۔

1962ء میں مذکورہ بالا کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ ایک قطعہ زمین خریدا جائے۔ چنانچہ ایک قطعہ خریدا گیا جس میں ایک پرانی عمارت لکڑی کی بنی ہوئی بھی موجود تھی۔ یہ عمارت دراصل ایک بیوہ عورت کی ملکیت تھی جس نے -/2500 پاؤنڈز کے عوض یہ جگہ جماعت کو فروخت کر دی۔ جگہ حاصل ہونے کے بعد اس پر تعمیر نو کے کام کا آغاز ہوا۔ جس میں وقار عمل کے ساتھ اکثر کام کیا گیا۔ حاجی عبداللطیف صاحب مرحوم نے بغیر کوئی قیمت وصول کئے تمام ضروری تعمیراتی سامان مہیا کیا۔ اور دیگر اخراجات بھی ادا کئے۔

جماعت نے یہ عمارت اس خیال سے خریدی تھی کہ یہاں پر مستقل نوعیت کی تعمیر کر دی جائے۔ اس طرح یہ ایک قیمتی عمارت بن جائے گی۔ جہاں بیت الذکر، مشن ہاؤس، لائبریری، مربیان کی رہائش، گیسٹ ہاؤس، پرنٹنگ اینڈ پبلشنگ روم، نیز گراؤنڈ فلور پر چھ سات دکانیں، اور کرائے پر دینے کے لئے ایک مکان بنا دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں حضور کی خدمت میں ایک خط اس پروگرام کی منظوری کے لئے لکھا گیا۔ جس کی منظوری حضور نے ازراہ شفقت عطا فرمادی۔ لیکن بعض ناگزیر حالات کی بناء پر تعمیر کا کام شروع نہ ہو سکا۔ اور حالات سازگار ہونے تک ملتوی کرنا پڑا۔

1962ء میں پہلی کمیٹی کی تشکیل نو کی گئی اور نئی کمیٹی کے صدر حاجی عبداللطیف صاحب، جنرل سیکرٹری کمال الدین صاحب، سیکرٹری مال مولانا عبدالواحد فاضل صاحب اور ممبر وزیر کمال الدین صاحب مقرر ہوئے۔ اس کمیٹی کے ارکان دعوت الی اللہ کے سلسلے میں باقاعدہ مختلف شہروں کا دورہ کرتے۔ چنانچہ ان کوششوں کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب سے پہلے ''مارو'' میں پھل لگا۔ اور کئی افراد جماعت میں داخل ہوئے۔ اسی طرح ایک اور جگہ ''لاباسا'' میں بھی متعدد افراد نے بیعت کر کے سلسلہ میں شمولیت اختیار کی۔ ''لاباسا'' میں ماسٹر محمد حنیف صاحب کا مکان جماعت کا مرکز بنا اور جب تک ''وولودا'' میں نئی بیت الذکر نہ بنی ان کا گھر جماعت کے اکثر پروگراموں کے لئے استعمال ہوتا رہا۔

کچھ عرصے کے بعد اس بات کی ضرورت شدت سے محسوس کی جانے لگی کہ فجیئن زبان میں جماعت کی طرف سے قرآن کریم کا ترجمہ دستیاب ہوتا کہ فجیئن بولنے والے دین حق اور احمدیت کے اصل پیغام کو اپنی زبان میں سمجھ سکیں۔ چنانچہ مکرم کمال الدین صاحب کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ ترجمے کے لئے کوئی مناسب آدمی تلاش کریں۔ چنانچہ انہوں نے اس سلسلے میں ایک گورنمنٹ ٹرانسلیٹر علی پت سی کُوؤ وآف REWA کو اس کام کے لئے منتخب کیا۔ جن کے ساتھ اس کام کا معاوضہ چار سو پاؤنڈ طے پایا۔ حاجی عبداللطیف صاحب نے یہ تمام خرچ اپنے ذمے لیا۔ چونکہ جماعت میں اس وقت کوئی صاحب ایسے نہ تھے جو ترجمے کی نظر ثانی کر سکتے چنانچہ ترجمے کی اشاعت کے کام کو روک دیا گیا۔

''لاباسا'' کے ذکر میں کچھ مزید یہ کہ ایک لیکچر اور دعوت الی اللہ کے بعد ایک صاحب مولوی رحیم بخش صاحب جو کہ ایک صاحب ثروت انسان تھے نے بیعت کی۔ خدا کا کرنا یوں ہوا کہ مولوی رحیم بخش صاحب کی اہلیہ جو کہ ایک دماغی عارضے کی وجہ سے بیمار تھیں مولوی شیخ عبدالواحد فاضل صاحب کی دعا کے نتیجے میں صحت یاب ہو گئیں۔ چنانچہ شکر مندی کے جذبے سے مولوی رحیم بخش صاحب نے اپنی خاصی خالی جگہ جماعت کو دے دی۔ چنانچہ باقاعدہ نقشہ وغیرہ بنانے کے بعد وہاں پر بیت الذکر کی تعمیر کا آغاز ہوا۔

اگرچہ افراد جماعت کی تعداد کم تھی لیکن پھر بھی سب نے ہر طرح کی خدمت سرانجام دی۔ چنانچہ بالآخر بیت الذکر کی تعمیر مکمل ہو گئی۔ جو کہ ''وانوآلوو'' میں پہلی احمدیہ بیت الذکر تھی۔ اس کا نام بیت مبارک رکھا گیا۔ اور اس کا افتتاح 17 دسمبر 1965ء کو ہوا۔ ''سُووا''، ''مارو'' اور ''لانو'' کے احباب جماعت اس موقع پر تقریب میں شریک ہوئے۔ مخالفت بھی ہوئی لیکن اللہ کے فضل سے جماعت کا قدم آگے سے آگے بڑھتا چلا گیا۔ اور تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ 1996ء میں ایک بیت الذکر عارضی طور پر ''نساروا کا'' کے مقام پر تعمیر کی گئی۔ اس بیت الذکر کے لئے جگہ ایک معمر خاتون مسز مریم بی صاحبہ نے جماعت کو ھبہ کی تھی۔ یہ عارضی بیت الذکر دس سال تک جماعت کے زیر استعمال رہی۔ بعد میں جماعت کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ایک جگہ جو ایک صاحب حامد حسین صاحب نے جماعت کو دی تھی اس پر ایک بڑی بیت الذکر تعمیر کی گئی۔

فجیئن زبان میں ترجمہ قرآن کریم

ایک احمدی استاذ مکرم ماسٹر محمد حسین صاحب جو احمدیہ پرائمری سکول ''لاتوکا'' کے ہیڈ ٹیچر تھے، کی شدید خواہش تھی کہ جماعت کی طرف سے قرآن کریم کا فجیئن زبان میں ترجمہ شائع ہو۔ چنانچہ اس سلسلے میں انہوں نے امیر و مشنری انچارج مکرم دین محمد صاحب سے بات کی اور اجازت طلب کی۔ جس پر مکرم دین محمد صاحب نے ان کو بتایا کہ شیخ عبدالواحد صاحب فاضل کے زمانے میں 1963ء میں ایک دفعہ ترجمہ کروایا جا چکا ہے۔ لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اس بناء پر اس کی اشاعت کی اجازت نہیں دی تھی کہ جماعت میں سے کوئی اس کی پوری طرح نظر ثانی نہیں کر سکتا تھا۔ اب یہ کام اس وقت مکمل ہو سکتا ہے جب ہم میں سے کوئی اردو، عربی اور دینی علوم میں مہارت رکھتا ہو۔ اور باریک بینی سے ترجمے کی نظر ثانی کر سکے۔ چنانچہ ترجمے کی نظر ثانی کا کام ماسٹر محمد حسین صاحب کے سپرد کیا گیا جنہوں نے ایک اور ٹائپسٹ کی مدد سے سارا کام دوبارہ چیک کیا۔ اور ری ٹائپ بھی کیا۔ اس دوران 1977ء میں ماسٹر محمد حسین کو دو مزید ماہرین کی خدمات بھی حاصل ہو گئیں۔ جن میں سے ایک مسٹر ٹے وی ٹاری ٹو وا جو کہ کورٹ انٹرپریٹر (Court inter pretor) تھے اور دوسرے مسٹر یسانا ئیوالُو جو کہ ایک اخبار کے ڈپٹی ایڈیٹر تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ہدایت جاری فرمائی تھی کہ فجیئن ترجمے کے ساتھ ساتھ ہر آیت قرآن کریم کی بالمقابل درج کی جائے۔ اور قرآن کریم کو دائیں طرف سے لکھا جائے۔ چنانچہ تیار ہونے والے ترجمے کی ایک کاپی حضور کی خدمت میں بغرض منظوری بھجوائی گئی۔ 1983ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فجی کے دورے کے دوران ماسٹر محمد حسین صاحب سے ترجمے کے کام کے حوالے سے دریافت فرمایا۔ اور ترجمے کی اشاعت کی اجازت مرحمت فرمائی۔ حضور نے اس سلسلے میں تین افراد پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر فرمائی۔ جس کا چیئرمین ماسٹر محمد حسین صاحب کو مقرر فرمایا۔ جب کہ دوسرے دو احباب محمد یونس خان صاحب اور محبوب ناز صاحب

(باقی صفحہ 4 پر)

رفیق حضرت مسیح موعود

میاں محمد عبداللہ صاحب عرف پروفیسر

غلام مصباح بلوچ صاحب

مکرم محمد عبد اللہ بیگ صاحب عرف پروفیسر جہانگیر ولد ولی بیگ صاحب مغل قوم سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ اصل میں یو پی کے رہنے والے تھے اور بڑے بڑے سرکسوں کے مالک تھے، آپ واقعہ میں پروفیسر نہیں تھے بلکہ شعبدہ بازی اور مداریوں کے کرتب وغیرہ جانتے تھے اس لیے آپ کا نام پروفیسر پڑ گیا تھا۔ آپ کی بیعت کا سال معلوم نہیں، بیعت کے بعد آپ کی طبیعت میں بہت تبدیلی آئی اور اپنے کرتبوں اور سرکسوں کو چھوڑ دیا، آپ کے دل میں حضرت مسیح موعود کے لیے بہت غیرت تھی آپ کی غیرت کا ایک واقعہ تاریخ احمدیت میں قیامت تک کے لیے محفوظ ہو گیا ہے، حضرت مصلح موعود اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”ہماری جماعت میں ایک پروفیسر عبداللہ صاحب ہوا کرتے تھے وہ واقعہ میں پروفیسر نہیں تھے بلکہ ان کا نام پروفیسر اس لیے پڑ گیا تھا کہ وہ شعبدہ بازی اور مداریوں کے کرتب وغیرہ جانتے تھے۔ ایک دفعہ خواجہ کمال الدین صاحب مرحوم لاہور سے قادیان گئے تو انھوں نے حضرت مسیح موعود سے شکایت کی کہ پروفیسر صاحب بڑے تیز مزاج ہیں اگر کوئی ان کے سامنے حضور کو بُرا بھلا کہے تو وہ اسے گالیاں دینے لگ جاتے ہیں اور کہتے ہیں خبردار اگر تو نے اب کے گالی نکالی تو میں تیرے مُنہ پر مُکّہ ماروں گا تو کون ہوتا ہے جو حضرت صاحب کو گالیاں دے۔ کچھ دنوں کے بعد پروفیسر صاحب قادیان آئے تو حضرت مسیح موعود نے انھیں بلایا اور فرمایا پروفیسر صاحب میں نے سنا ہے کہ آپ کے سامنے جب مجھے کوئی برا بھلا کہے تو آپ اس سے لڑنے لگ جاتے ہیں آپ کو ایسا نہیں کرنا چاہیے اور صبر اور تحمل سے کام لینا چاہیے اللہ تعالیٰ نے ہمیں نرمی کی تعلیم دی ہے سختی کی تعلیم نہیں دی، ان کی طبیعت بڑی تیز تھی یہ سنتے ہی ان کا چہرہ سرخ ہو گیا اور کہنے لگے میں یہ بات ماننے کے لیے بالکل تیار نہیں آپ کے پیر (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو اگر کوئی برا بھلا کہے تو آپ فوراً اس سے مباہلہ کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں اور مجھے کہتے ہیں صبر کرو، خود تو کہتے ہیں کہ

اَلا اے دشمنِ نادان و بے راہ
بِتَرس از تیغِ بُرّانِ محمدؐ
کرامت گرچہ بے نام و نشان است
بیا بنگراز غلمانِ محمدؐ

یعنی اے مخاطب اگر تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی کرتا ہے تو جان لے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو خدا تعالیٰ نے ایک تلوار بھی دی ہوئی ہے تو اس سے ڈر اور اگر تجھے یہ خیال ہے کہ اس زمانہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کی کوئی کرامت نہیں تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کے پاس آ اور ان سے کرامت دیکھ لے۔

ان دنوں حضرت مسیح موعود نے لیکھرام کی بدزبانیوں کے مقابلہ میں یہ شعر کہے تھے، انھی کی طرف پروفیسر عبداللہ صاحب نے اشارہ کیا اور کہا کہ آپ کے پیر کو اگر کوئی برا بھلا کہتا ہے تو آپ فوراً جوش میں آجاتے ہیں اور اسے مباہلہ کا چیلنج دے دیتے ہیں لیکن اگر کوئی میرے پِیر کو گالیاں دے تو آپ کہتے ہیں صبر کرو، میں ایسی بات ماننے کے لیے تیار نہیں۔....

پروفیسر عبداللہ صاحب جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے یو پی کے رہنے والے تھے اور سارے ہندوستان میں تماشے دکھاتے پھرتے تھے پھر وہ قادیان آئے اور حضرت مسیح موعود سے تعلیم حاصل کی اس وقت ان کے پاس ایک پیسہ بھی نہیں تھا وہ پہلے بڑے بڑے سرکسوں کے مالک تھے قادیان آئے تو ان کی یہ حالت تھی کہ وہ مہمان خانہ میں بیٹھ جاتے اور کوئی لڑکا آتا تو اُسے سیر بین دکھاتے اور وہ آنہ یا دونّی دے دیتا اور اس میں گذارہ کر لیتے۔ کچھ عرصہ تک وہ پھیری کا کام بھی کرتے رہے.....“

(الفضل 11 جنوری 1958ء صفحہ 4)

جس دن حضور کا وصال ہوا اس دن آپ بھی لاہور میں ہی تھے خواجہ کمال الدین صاحب نے آپ کو ہی خبرِ انتقال کی تاریں دینے کے لیے بھیجا، حضرت ماسٹر محمد علی خان صاحب اشرف آف بیرم پور ضلع ہوشیار پور بعدۂ چنیوٹ (وفات 16 جون 1960ء) لاہور میں اس موقع کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

”میں اپنے دفتر سے ایک چٹھی ڈاک میں ڈالنے کے لیے نکلا ہی تھا کہ مجھے عبد اللہ پروفیسر ملے، میں نے اُن سے پوچھا کہ کدھر جا رہے ہو؟ اس نے جواب دیا کہ حضرت کا انتقال ہو گیا ہے تاریں دینے جا رہا ہوں۔ میں نے بے ساختہ کہا کہ خبردار منہ سنبھال کر بول ورنہ ماروں گا، ابھی حضور کے متعلق بہت سی پیشگوئیاں ہیں اور حضور نے بہت سا کام کرنا ہے بے وقت وہ ہم سے رخصت کس طرح ہو سکتے ہیں اُس نے قسم کھا کر کہا کہ دیکھو خواجہ کمال الدین صاحب وکیل نے یہ تین تاریں مجھے دینے کے لیے سٹیشن پر بھیجا ہے، ڈاکخانہ بھی سٹیشن لاہور سے ملحقہ تھا۔ ایک تار حضرت صاحبزادہ صاحب مرزا سلطان احمد صاحب مال افسر جالندھر کے نام، دوسری مولوی خان بہادر مولوی غلام حسین صاحب پشاور کے نام، تیسری قادیان کی طرف تھی.....“

(حیات اشرف حصہ اول صفحہ 57 قلمی مسودہ 1948ء خودنوشت حضرت ماسٹر محمد علی خان صاحب اشرف)

آپ کو بعض مرکزی وفود کے ساتھ دوروں پر بھی جانے کا موقع ملا، 1916ء میں دہلی میں جماعت احمدیہ نے ایک جلسہ منعقد کیا جس میں مرکز سے حضرت میر محمد اسحاق صاحب، حضرت مفتی محمد صادق صاحب، حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب، حضرت میر قاسم علی صاحب وغیرہم جیسے بزرگان نے تقاریر کیں اس دورے میں حضرت عبد اللہ صاحب بحیثیت منادی تشریف لے گئے اور جلسہ سے قبل شہر میں خوب جلسہ کی تشہیر کی، حضرت میر قاسم علی صاحب جلسہ کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:

طبع اشتہارات سے قبل منادی شروع کر دی تھی صبح سے لے کر شام تک مناد الملت برادرم عبد اللہ پروفیسر نے برابر 7 مارچ تک بازار بازار، محلّہ در محلّہ، چاندنی چوک، چاوڑی، کھاری باولی، صدر بازار، کوڑیا پل، چتلی قبر، فراش خانہ، لال کنواں وغیرہ تمام اطراف میں اس کثرت سے منادی کی کہ بچے بچے کے کان میں حضرت مسیح موعود کا نام پہنچ گیا، منادی کا مضمون بھی ایک قسم کی (دعوت الی اللہ) تھی......

یہ منادی اہل دہلی کی توجہ کو یکلخت اپنی طرف کھینچ لیتی تھی اور بڑے شوق سے ہمارے منّاد اور منادی کے منتظر رہتے تھے۔ مناد الملت کے ساتھ ایک احمدیہ جھنڈا پارچہ لٹھ پر لکھوا کر اور چوکھٹے میں جڑوا کر ایک لڑکے کو پکڑا کر گشت کرایا جاتا تھا.....

(اخبار ”فاروق“ 16-2 مارچ 1916ء صفحہ 8)

1917ء میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب انگلستان تشریف لے گئے بمبئی بندرگاہ پر الوداع کرنے والوں میں آپ بھی شامل تھے۔ (الفضل 21 اپریل 1917ء صفحہ 5) بمبئی میں بھی آپ نے دعوت الی اللہ میں بہت محنت کی، حضرت حاجی عمر الدین صاحب فرماتے ہیں کہ ”میاں عبداللہ صاحب المعروف پروفیسر اپنی طاقت اور ہمت کے مطابق بمبئی میں (دعوت الی اللہ) کر رہے ہیں اور حضرت مسیح موعود کا نام گلی کوچوں میں پھر پھر کر لوگوں کے کانوں تک پہنچا رہے ہیں۔ (الفضل 5 جون 1917ء صفحہ 1,2)

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے ابتدائی موصیان میں سے تھے آپ کا وصیت نمبر 266 تھا (بدر 19 دسمبر 1907ء صفحہ 11) آپ نے 2 اپریل 1919ء بروز منگل پانی پت میں وفات پائی اخبار الفضل خبر وفات دیتے ہوئے لکھتا ہے:۔

”جناب ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب پانی پت سے اطلاع دیتے ہیں کہ میاں عبد اللہ صاحب المعروف پروفیسر 2۔ اپریل کو پانی پت میں انتقال کر گئے....

مرحوم پرانے احمدی تھے اور حضرت مسیح موعود سے خاص محبت رکھتے تھے یہ انھی کا واقعہ ہے جو حضرت اقدس خلیفہ ثانی نے کئی دفعہ بیان فرمایا ہے کہ ایک مخالف نے حضرت مسیح موعود کے حق میں ان کے سامنے بدزبانی کی تو انھوں نے اس کو سختی سے جواب دیا، اس کا جب حضرت مسیح موعود کو پتہ لگا اور آپ نے فرمایا میاں عبداللہ صبر سے کام لینا چاہیے تو انھوں نے کہا کہ حضور اگر آپ کے پیر (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کو کوئی بُرا کہے تو اس سے تو آپ مباہلہ کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں لیکن جب کوئی ہمارے پیر (حضرت مسیح موعود) کو برا کہے تو ہمیں صبر کے لیے کہتے ہیں ہم کس طرح صبر کر سکتے ہیں۔ مرحوم بڑی خوبیوں کا انسان اور مخلص احمدی تھا احباب جنازہ غائب پڑھیں۔ اللّٰھم اغفر لہٗ۔“

(الفضل 12 اپریل 1919ء صفحہ 2 کالم 2)

(بقیہ صفحہ 3)

تھے۔ محمد یونس خان صاحب کی وفات کے بعد باقی دو احباب نے نہایت محنت سے اس کام کو سرانجام دیا۔ ماسٹر محمد حسین صاحب نے کام کی اہمیت کے مدنظر سکول کی ملازمت سے ریٹائرڈ منٹ حاصل کر لی۔ ترجمے کے سلسلے میں ایک اور نام مولانا عبدالعزیز شاہد صاحب کا ہے جو نائب امیر و مشنری انچارج تھے۔ انہوں نے بھی ماسٹر صاحب کو مفید مشوروں سے نوازا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خواہش تھی کہ صد سالہ احمدیہ جوبلی سے قبل ترجمے کا کام مکمل ہو جائے تا کہ اس موقع پر کم از کم ایک سو زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم کی اشاعت ہو سکے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 1986ء میں یہ کام مکمل ہو گیا۔ حضور کی خدمت میں جب اطلاع بھجوائی گئی تو حضور بہت خوش ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ کسی اچھے پریس سے چار ہزار کاپیاں چھپوائی جائیں۔ طباعت کا خرچ فجی کی جماعت نے اٹھایا جو اندازاً پچاس ہزار ڈالر تھا۔ ترجمہ چھپنے کے بعد تمام دنیا کے مشن ہاؤسز میں دو دو کاپیاں تحفۃً بھجوائی گئیں تا کہ جوبلی کے موقع پر نمائش کے لئے پیش کی جا سکیں۔ اس وقت بھی اللہ کے فضل سے فجی کی جماعت قرآن کریم مفت تقسیم کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ فجی میں احمدیت ہمیشہ ترقی کی منازل طے کرتی رہے۔ آمین اللّٰھم آمین

جمناسٹک کی تاریخ اور عالمی قوانین

جمناسٹک کا بانی فریڈرک لڈوگ جان Freidrech Ludwig Jahn ایک جرمن فوجی تھا، جو 1778ء میں جرمنی صوبے وٹین برگ میں پیدا ہوا۔ فوج میں ملازمت کی اور پھر سکول ٹیچر رہا۔ 1811ء میں برلن شہر میں جمناسٹک کے کھیل کی ابتداء کی۔ 8 سال تک جمناسٹک کلب پورے جرمنی میں قائم ہوگئے۔ اس دور میں جرمنی پر نپولین کا تسلط تھا۔ اس کھیل کے ساتھ جان نے کھلاڑیوں کو یہ نعرہ بھی دیا کہ طاقت اور اتحاد کے ذریعے آزادی حاصل کرنی چاہئے۔ نپولین کو خطرہ لاحق ہوا اور جان کو 6 سال تک جیل میں ڈال دیا۔ یہ تحریک جو کھیل کی صورت میں متعارف کرائی گئی جرمنی کے تعلیمی اداروں میں بھی اس کی مشقیں شروع ہوگئیں، بعد میں یہ کھیل یورپ کے دوسرے ممالک میں شروع ہوا۔ جان 74 سال کی عمر میں 1852ء میں موت سے بازی ہار گیا اور دنیا کو ایک بااثر اور جان دار کھیل دے کر ابدی نیند سو گیا۔ جان کو جمناسٹک کا باپ کہا جاتا ہے۔ جمناسٹک کا سامان بھی اسی بانی کی ایجاد ہے۔ بعض مستند انٹرنیشنل حوالہ جات میں جمناسٹک کا وجود قدیم یونان میں بھی بتایا گیا ہے جو 776 قبل مسیح سے 393 قبل مسیح تک ہونے والے اولمپک گیمز میں موجود رہا۔ لیکن اس قدیم دور میں جمناسٹک کے کھیل کے طریقے اور اصول مختلف تھے۔ جمناسٹک یونانی زبان کے لفظ "جمنے زین" Gymnazein سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی "برہنہ حالت میں ورزش کرنا" کے ہیں، اسی طرح ورزش کرنے کے کمرے کو جمنیزیم Gymnasium کہا جانے لگا۔ قدیم یونان کے نصاب تعلیم میں وزن اٹھانا، گولہ پھینکنا، کشتی، تیراکی اور جمناسٹک شامل ہوا کرتے تھے۔

1896ء میں جمناسٹک کو اولمپک گیمز میں شامل کیا گیا جو جدید دور کی جمناسٹک ہے۔ 1970ء سے جمناسٹک کے عالمی مقابلے انٹرنیشنل نیٹ ورک پر دکھائے جاتے ہیں جنہیں دنیا بھر کے لوگ بڑے شوق سے دیکھتے ہیں۔ جمناسٹک کا کھیل دنیا کی تمام کھیلوں سے منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ اس فن کا مقصد جسم میں لچک اور پھرتیلا پن پیدا کر کے جسم کو خوبصورت اور طاقت ور بنانا ہے۔ قیام پاکستان کے بعد جمناسٹک پاکستان کے دفاعی محکموں تک ہی محدود تھا۔ چند سال بعد اسے ہائی سکولوں میں شروع کرایا گیا۔ جمناسٹک کی ابتداء پاکستان میں سب سے پہلے لاہور میں ہوئی۔ لاہور کے ماسٹر غلام قادر، ماسٹر فیروز اور مولوی ایم اشرف کی گرانقدر خدمات کی بدولت یہ فن ہمارے ملک میں پروان چڑھا۔ آرمی علاقہ میں قائم اسلامیہ ہائی سکول لاہور کینٹ پہلا تعلیمی ادارہ ہے جہاں قیام پاکستان کے بعد جمناسٹک کے جدید سامان سے ہائی سکول جیسے تعلیمی ادارے میں جمناسٹک کی ابتداء ہوئی۔ اسی سکول کے طلباء نے سب سے پہلے جمناسٹک کپ اور دیگر اسناد حاصل کیں۔

عالمی قواعد وضوابط

☆ جمناسٹک ٹیموں کے مقابلے 6 اقسام پر مشتمل ہوں گے۔

☆ مرد کھلاڑیوں کے مقابلوں کے لئے 4 جج صاحبان اور ایک چیف جج ہوں گے۔

☆ خواتین کھلاڑیوں کے مقابلے کے لئے بھی 4 جج صاحبان اور ایک چیف جج ہوں گے۔ ان کے علاوہ ایک Scientific (STC) Technical Collaborator اور دو نائب ہوں گے۔

مرد کھلاڑیوں کا لباس

☆ مرد ہر ایونٹ میں جرسی پہنیں گے۔

☆ پول بارس، رنگز، متوازی بارز، افقی بارز میں کھلاڑی سفید پینٹس، جوتے اور جرابیں پہنیں گے۔ فرشی ورزشوں اور Vault میں بھی یہی لباس پہننا ہوگا۔ بعض ورزشوں میں پینٹ اور شوز استعمال نہیں ہوں گے۔

☆ مقابلوں میں ٹیم کے کھلاڑی شناخت کے لئے کسی بھی رنگ کا ایک جیسا لباس استعمال کریں گے۔

☆ نجی طور پر کھلاڑی اپنی چوائس کا لباس پہن سکتا ہے۔

☆ کپڑے کے کسی لباس میں لوہے یا دھات کے Buckle استعمال نہ کریں۔ اس سے کھلاڑی کو خراش آسکتی ہے۔

سکور کرنا Scoring

☆ جمناسٹک کے ہر سامان، Apparatus پر کیا ہوا کھلاڑی کا ہر عمل 0-10 سکیل سے شروع ہوگا۔

☆ ہر جج اور چیف جج، جمناسٹک کی عالمی تنظیم کے وضع کردہ قوانین کی روشنی میں کھلاڑی کے ہر ایکشن پر سکور دیں گے۔ غلط یا معمولی ادائیگی پر قواعد و ضوابط کے تحت نمبر کاٹ لیں گے۔

☆ بعض ایونٹس میں ابتدائی سکور کھلاڑی کی معیاری پرفارمنس پر 10 بھی دے دیا جاتا ہے۔

☆ بنیادی طور پر عام غلطی پر کھلاڑی کے نمبر کاٹ لئے جاتے ہیں جو اپنے ایونٹس کو لاپرواہی سے کرتے ہیں۔

☆ مشقیں اور موومنٹس کو تین کیٹیگریز میں رکھا جاتا ہے جو A، B اور C کیٹیگری کہلاتی ہیں۔

☆ Special Requirements: بعض حالات میں جمناسٹک کے کھلاڑی کو اس کے ادا کئے جانے والے نمونے میں خاص قسم کی موومنٹس دکھانے کے لئے کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر مرد کھلاڑی کو ہائی بار High Bar کی روٹین ورزش میں بار کوفی طریقہ سے ایک لمحہ چھوڑ کر دوبارہ پکڑ لینے کو کہا جاتا ہے۔

☆ Combination: اس میں دیکھا جاتا ہے کہ کھلاڑی نے Apparatus کو کیسے استعمال کیا ہے، کیا یہ اس کی عام پریکٹس ہے۔ مثال کے طور پر فرشی ورزش Floor Exercises کرتے وقت کھلاڑی کی پرفارمنس عام روٹین سے منفرد ہو۔ اس کے وزن اور کارکردگی میں ہم آہنگی اور باہمی مطابقت ہو۔

☆ Execution: جمناسٹک کے کھلاڑی کو اپنی مشق کا ہر نمونہ مکمل دکھانا چاہئے نامکمل ہونے پر اس کے خلاف پنلٹی دی جاسکتی ہے۔

☆ آل راؤنڈ آنرز میں مردوں کا زیادہ سے زیادہ سکور 60، اور خواتین کا 40 ہوتا ہے۔

☆ Bonus: جمناسٹک کے کھلاڑی کی بہترین کارکردگی پر اسے خصوصی طور پر زیادہ نمبر بھی دیئے جاتے ہیں۔ ایسا نمونہ پیش کرنے پر جو پہلے دوسرا کوئی کھلاڑی پیش نہ کرسکا ہو، جو فنی لحاظ سے مشکل ہو اور عام کھلاڑی اسے نہ کرسکا ہو۔ جمناسٹک کی اصطلاح میں اسے "Virtousity" کہا جاتا ہے۔ جو خاص فنی مہارت سے سے کیا گیا ہو۔ بونس کہلاتا ہے۔

متوازی بار Parallel Bars

☆ متوازی بار صرف مردوں کی جمناسٹک میں استعمال ہوتے ہیں۔ کھلاڑی ان بارز کے ذریعے پہلے اپنے چوائس کے مطابق مختلف اقسام کی ورزشوں کے نمونے پیش کرتے ہیں۔

☆ ان ورزشوں میں سوئنگ Swinging اور فلائٹ پارٹس کی فوقیت واضح ہونی چاہئے۔ ان کا دورانیہ 2 سیکنڈ کا ہو۔

☆ جمناسٹک کے قانون کے مطابق کی گئی ورزشوں میں 9.8 پوائنٹس بھی دیئے جاتے ہیں۔ خصوصی کارکردگی پر مزید 0.2 پوائنٹس بھی ملتے ہیں۔

افقی بارز Horizontal Bars

☆ یہ ایک سادہ بار ہوتا ہے جسے 240 سینٹی میٹر لمبے لکڑی کے شہتیر کی مدد سے کھڑا کیا جاتا ہے۔ اس کی زمین سے بلندی 255 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔ اس کے بالائی حصوں پر لوہے کی تاریں باندھی جاتی ہیں۔

☆ ہر کھلاڑی جمناسٹک کی عالمی تنظیم کے قوانین کے مطابق لازمی ورزشوں کے نمونے ظاہر کرتا ہے۔

جمناسٹک رنگز Gymnastic Rings

☆ 18 سینٹی میٹر کے قطر میں سخت قسم کے دائرہ نما دو رنگز ہوتے ہیں، جو فرش سے 250 سینٹی میٹر بلند ہوتے ہیں اور انہیں 50 سینٹی میٹرز کے فاصلے پر لٹکایا ہوتا ہے۔ ان کے فریم کی بلندی 550 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔

☆ کھلاڑی ان دائروں کو مضبوطی سے پکڑ کر اپنے جسم کو ان کے درمیانی فاصلے پر لٹکا دیتا ہے اور پوری قوت سے مختلف اقسام کی ورزش دکھاتا ہے۔

بیم Balanced Beam

☆ یہ خواتین کھلاڑیوں کے لئے ہوتا ہے۔ اس کی لمبائی 5 میٹر اور چوڑائی (ٹاپ) 10 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔ اسے کھڑا کرنے کے لئے دو ٹانگیں دونوں کناروں پر بنی ہوتی ہیں جو فرش پر رکھی جاتی ہے۔ یہ فرش سے 120 سینٹی میٹر بلند ہوتا ہے۔ مقابلوں کے درمیان اس کی بلندی 31 سے 48 انچ تک رکھی جا سکتی ہے۔ اس کی پوری لمبائی کو کھیل کے مقابلوں کے دوران استعمال کیا جاتا ہے۔ ورزش کا دورانیہ 80 سے 105 سیکنڈ تک کا ہوتا ہے۔

☆ ایک کھلاڑی کو اپنی کارکردگی کے دوران تین سٹاپ کرنے کی اجازت ہے۔

☆ اس بیم پر جمپ لگانے، اچھلنے، چھلانگ مارنے، دوڑنے اور چلنے کے کرتب کئے جاتے ہیں۔

☆ بیم پر لیٹ کر، بیٹھ کر اور گھوم کر بھی معیاری نمونے کئے جاتے ہیں۔

☆ بیم پر خواتین کھلاڑی اپنے وزن میں توازن، ہر ورزش کی کشش اور ڈانس کرنے کی صلاحیت دکھاتی ہے۔

بے جوڑ بار Uneven Bars, (Women)

☆ انہیں Asymmetrical Bars یعنی بے جوڑ بار بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دو افقی طرز پر Horizontal Bars ہوتے ہیں۔ ان کی لمبائی 350 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔ یہ متوازی شکل میں مختلف اونچائی میں ہوتے ہیں۔ نچلا بار فرش سے 150 سینٹی میٹر بلند ہوتا ہے اور اوپر والا بار فرش سے 230 سینٹی میٹر بلند ہوتا ہے۔ دونوں کا درمیانی فاصلہ 43 سینٹی میٹر ہوتا ہے۔ یہ فریم کی صورت میں مضبوطی سے جڑے ہوتے ہیں۔

☆ جمناسٹک کی عالمی تنظیم FIG کی وضع کردہ لازمی ورزشیں کھلاڑی پہلے پوری کرتا ہے۔

☆ خاتون کھلاڑی ان بارز سے مندرجہ ذیل ورزشیں کرے گی۔

1۔سرکلر سوئنگ۔

2۔سوئنگ سے ہینڈ سٹینڈ تک کی موومنٹ۔

3۔کاؤنٹر۔

4۔گریپ کی تبدیلی۔

5۔Pirouette (انگوٹھے کے بل پر ناچ، پیر کے پنجے پر چکر لگانا)۔

6۔Saltos (محور کی شکل میں گھومنا)۔

7۔اطراف کی تبدیلی کی ورائٹی۔

8۔بارز کے اندر اور باہر کی جانب موومنٹ کرنا۔

جمناسٹک کی اصطلاحات

Aerial: قلابازی کا ایک نمونہ جس میں محراب کی طرح جھک کر ایک پاؤں زمین کی طرف رکھ کر آگے بڑھایا جاتا ہے یا سائیڈ پر بھی رکھا جاتا ہے۔ یہ نمونہ بازی گری کے کرتب میں بھی دکھایا جاتا ہے۔

Aerial Front Walk Over: بیم (Beam) پر لڑکیوں کی خاص ورزشیں، جس میں جمناسٹک لڑکی ہاتھ استعمال کئے بغیر اپنے جسم کو فضا میں بلند کرتی ہے۔

Aerial Walk Over: فضا میں جمناسٹک کا کھلاڑی باری باری اپنے جسم کو فضا میں اپنے ہاتھ استعمال کئے بغیر بلند رکھتا رکھتی ہے۔

All Round Gymnast: جمناسٹک کی کھلاڑی لڑکی جس کا چاروں ایونٹ Events میں سب سے زیادہ سکور ہو۔ یہ ایونٹس بیلنس بیم، فلور ورزشیں، Vault اور متوازی بار Parallel Bar ہیں جمناسٹک کے کھلاڑی کا ہر ایونٹ میں زیادہ سکور نہیں ہوتا لیکن اگر اس کا مجموعی سکور زیادہ ہو تو وہ جیت جاتی ہے۔

Amplitude: کسی بھی موومنٹ Movement کو زیادہ سے زیادہ بڑھا کر دکھانا اور پورا مکمل کرنا۔

Arab Spring: راؤنڈ ختم کرنے کا متبادل نام۔

Arabesque: ایک ٹانگ کا بیلنس جس میں دوسری ٹانگ افقی طرز پر پچھلی جانب اٹھائی گئی ہو جبکہ دھڑ عمودی Vertical پوزیشن میں رہے۔(افقی Horizontal)۔

Artistic Gymnastics: جمناسٹک کا ایک حصہ جس میں لڑکیوں کے لئے 4 اور لڑکوں کے لئے 6 خاص موومنٹ ہوتے ہیں۔ جس میں Trampoline اور تناسب والی ورزشیں Rhythmic جمناسٹک بھی شامل ہوتی ہے۔

Asymmetric Bars: خواتین کی جمناسٹک میں استعمال ہونے والے آلات، دو Bars جن کی لمبائی 2.4 میٹر (8 فٹ) فی بار، ان کو متوازی رکھا جاتا ہے لیکن مختلف بلندیوں پر، ایک بار Bar گراؤنڈ سے 2.3 میٹر (7 فٹ 6 انچ) بلند ہوتا ہے۔ دوسرا 1.5 میٹر (5 فٹ) ان دونوں کے درمیان سے لڑکی نے گزرنا ہوتا ہے۔

Attention: جمناسٹک کے کھلاڑی کا اپنے جسم کو تیار رکھنا، کھیل سے پہلے اور کھیل کے بعد۔

Back Filp: پچھلا ہینڈ سپرنگ۔

Back Lever: ایک آلہ جو Rings پر لگا ہوتا ہے جس پر کھلاڑی اپنا جسم لٹکاتا ہے اس کے بازو سیدھے ہوتے ہیں اس کا پیٹ فرش کی جانب ہوتا ہے۔

Balance: جامد یا ساکن پوز جس میں جسم کے بیلنس کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

Beam: خواتین کھلاڑیوں کے استعمال کرنے والا آلہ (Apparatus) جو 100 ملی میٹر (4 انچ) چوڑا، اور 5 میٹر (16 فٹ) لمبا ہوتا ہے۔ اس کی سطح ہموار ہوتی ہے۔ مقابلوں کے دوران بیم 1.2 میٹر (4 فٹ) گراؤنڈ سے بلند ہوتا ہے۔

Bendy Bars: جسم کے تمام حصوں اور مسلز Muscles کی ورزش کے لئے استعمال ہونے والے بار۔

Chalk: جمناسٹک کے کھلاڑی ورزش کرتے وقت ہاتھوں کو آلات سے پھسلنے سے بچانے کے لئے میگنیزیم کاربونیٹ مل لیتے ہیں جس سے ان کے ہاتھوں کی گرپ مضبوط ہو جاتی ہے۔

Code of points: آفیشل انٹرنیشنل رول بک جس سے جمناسٹک کے کھیل کو پرکھنے میں مدد ملتی ہے۔ ہر قسم کی غلطی ہونے پر پوائنٹس کم کرنے کی رہنمائی کرتی ہے۔

Compulsory Routine: اولمپک گیمز اور ورلڈ چیمپئن شپ میں جمناسٹک کے کھلاڑیوں کے لئے یہ لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ جمناسٹک کے ہر آلہ، Appartus پر ہر ضروری ورزش کا نمونہ ادا کر کے دکھائیں۔ اس سے ہر عمل کی کوالٹی کو دیکھا جاتا ہے اور عمل کا فنی معیار بھی پرکھا جاتا ہے۔

Concentration: جمناسٹک کے کھلاڑی کی اہلیت کہ وہ اپنے ہر موومنٹ پر پوری توجہ دے۔

Conditioning: ورزش اور کارکردگیاں جن سے طاقت اور برداشت کو بڑھایا جائے۔

Develope: ڈانس کے دوران ایکشن، گھٹنوں کے بل جھکنا اور ٹانگ کو اٹھانا۔

Dismount: بیم کی ورزش یا Asymmetric (بے تناسب) بار سے ورزش ختم کرنے کے بعد جمناسٹک کا کھلاڑی جمپ لگا کر نیچے اترے۔

Double Back Somersault: قلابازی میں 120 ڈگری کی محوری گردش یا چکر۔

Element: ہر کھلاڑی کی جمناسٹک میں کارکردگی کی اپنی پہچان۔

Endo: جاپانی جمناسٹک Yukio Endo سے منسوب ہائی بار ورزش، جو ہاتھ سے کی جاتی ہے بذریعہ پومل ہارس یا گدی کی سائیڈ سے۔

Flip: جمناسٹک میں قلابازی کا اصطلاحی نام۔

Hand Spring: جسم کے گھومنے کی ورزش جس میں ہاتھ صرف فرش پر یا سامان پر لگیں۔

Hecht: ابابیل کی طرح غوطہ لگانے کی پوزیشن جس میں کھلاڑی کے بازو پھیلے ہوتے ہیں اس کی ٹانگیں اور ایڑھیاں نوکیلی طرز پر نکلی ہوتی ہیں۔

High Bar: یہ مرد کھلاڑیوں کی جمناسٹک میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ گراؤنڈ سے 3.5 میٹر (12 فٹ) بلند ہوتا ہے۔ ورزش کے دوران کھلاڑی کو مختلف ورزشیں دکھانے کے لئے بار پر ہی رہنا پڑتا ہے۔ اسی بار پر کھلاڑی مختلف قلابازیوں کے کرتب بھی دکھاتا ہے۔

Hold: پوزیشن یا بیلنس کا نام ہے۔ مقابلوں میں کھلاڑی کوئی پوزیشن دکھانے کے لئے تین سیکنڈ تک ایک ہی ایکشن میں رہتا ہے۔

Horse: جمناسٹک کھیلنے کا ایک آلہ یا سامان جس کی چار ٹانگیں بنائی ہوتی ہیں اور اس کی باڈی مضبوط پیڈ سے تیار کی ہوتی ہے۔ اس پر جمناسٹک کے کھلاڑی پریکٹس کرتے ہیں۔

Jete: ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں پر اچھلنا۔

Kip: بار پر ورزش کرنے کی ابتداء۔

Mat: فرش پر پیڈ کی طرح بنائی گئی چٹائی جسے جمناسٹک کے کھلاڑی ورزشوں میں استعمال کرتے ہیں۔ جمناسٹک کے مقابلوں میں یہ 12 میٹر (39 فٹ) مربع شکل میں بنی ہوئی استعمال کی جاتی ہے۔

Pike: ورزش کی ایک ایسی قسم جس میں جسم کو ٹانگوں کے سہارے نیچے جھکایا جاتا ہے اور ٹانگیں سیدھی رہتی ہیں۔

Rhythmic Gymnastics: میوزک کے ساتھ فرش پر کی جانے والی ورزشیں۔ یہ خواتین کی ہی جمناسٹک ہے، جس میں ڈانس، چھلا، گیند، ربن کی ورزشیں شامل ہیں۔

رپورٹ: افتخار حسین اظہر صاحب

جماعت احمدیہ ناروے کا ایک مثالی وقار عمل

جماعت احمدیہ ناروے ایک اچھی روایت کو گزشتہ چند برسوں سے برقرار رکھے ہوئے ہے کہ ہر سال یکم جنوری کو ایک مثالی وقار عمل کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ نیشنل امیر صاحب کی زیر ہدایت صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ ناروے اس پروگرام کو ترتیب دیتے ہیں اور اس میں شامل ہونے کیلئے خدام، اطفال اور انصار کو بھرپور ترغیب دلائی جاتی ہے۔

31 دسمبر 2006ء کو عیدالاضحیٰ کے بابرکت دن پر جب کہ ہر ایک کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ زیادہ وقت اپنے اہل وعیال اور عزیز و اقارب میں گذارے، خدام نے رات بیت نور میں قیام کیا تاکہ علی الصبح فروگنر پارک میں وقار عمل کیا جائے۔ اس پارک کو ہر سال موسم گرما میں لاکھوں سیّاح دور دراز ممالک سے دیکھنے آتے ہیں۔ یہ پارک بیت نور سے تقریباً 100 میٹر کے فاصلہ پر شروع ہو جاتا ہے۔ ہر نئے سال کی آمد پر یہاں لوگ جمع ہوتے ہیں اور بے پناہ آتش بازی کرتے ہیں جس سے جگہ جگہ بارود اور گند بکھر جاتا ہے۔ جماعت احمدیہ ناروے اس پارک کے حُسن کو نکھارنے اور بحال کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

نماز تہجد سے نئے سال 2007ء کا آغاز کیا گیا جو مربی سلسلہ مکرم چوہدری شاہد محمود کاہلوں صاحب نے پڑھائی اور نماز فجر 8:00 بجے ادا کی گئی۔ مکرم مربی صاحب نے موقعہ کی مناسبت سے نہایت مختصر مگر جامع درس دیا۔ نماز فجر کے بعد تمام احباب نے بیت نور میں ناشتہ کیا اور فروگنر پارک میں وقار عمل کے لئے روانہ ہوئے۔ صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ نے گروپس ترتیب دیئے اور دعا کے ساتھ پارک کی صفائی کا کام شروع کر دیا گیا۔ نیشنل امیر مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب نے دعا کرائی اور وقار عمل میں حصہ لیا۔ آپ کے ہمراہ دیگر احباب جماعت کے علاوہ ممبران عاملہ، صدران حلقہ جات اور دیگر عہدیدار بھی تھے۔ نارویجین محکمہ صفائی والے بھی موجود تھے۔ اُنہوں نے جماعت کو پلاسٹک بیگ اور دستانے مہیا کئے۔

میڈیا سے TV 2 اور NRK 1 چینل کے رپورٹر اور کیمرہ مین تشریف لائے جنہوں نے کوریج دی اور وقار عمل پر موجود احباب کا گروپ فوٹو بھی بنایا۔ دونوں چینلز نے اپنی اپنی نشریات میں پروگرام کی جھلکیاں اور انٹرویوز نشر کئے۔

پارک میں سیر کے لئے آنے والے نارویجین لوگوں نے اس وقار عمل کو ممنونیت کی نظر سے دیکھا اور عُمدہ تأثرات کا اظہار کیا۔ تقریباً ½1 گھنٹہ کے وقار عمل سے پارک اپنی اصلی حالت میں خوبصورت نظر آنے لگا۔

وقار عمل کے اختتام پر اُبلے ہوئے انڈوں اور کافی سے احباب کی خاطر تواضع کی گئی۔ میڈیا اور محکمہ صفائی کو بھی اس ضیافت میں شامل کیا گیا۔

پروگرام کے آخر میں مکرم امیر صاحب نے احباب کا شکریہ ادا کیا کہ وہ وقت نکال کر اس پروگرام میں شامل ہوئے۔ خدا تعالیٰ سب کو احسن جزا سے نوازے۔ آپ نے اختتامی دُعا کرائی اور جانے کی اجازت کا اعلان کیا۔

پروگرام میں 70 احباب جماعت نے حصہ لیا۔

(الفضل انٹرنیشنل 26 جنوری 2007ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 67151 میں مدیحہ ناصر

بنت ناصر احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مدیحہ ناصر گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد رشید احمد گواہ شد نمبر 2 نوید احمد ولد رشید احمد

مسل نمبر 67152 میں وجیہہ ناصر

بنت ناصر احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن غربی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ وجیہہ ناصر گواہ شد نمبر 1 رفاقت احمد وصیت 32492 گواہ شد نمبر 2 لقمان احمد وصیت نمبر 41779

مسل نمبر 67153 میں افتخار احمد گھمن

ولد بشیر احمد قوم گھمن پیشہ ڈرائیونگ عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-2-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) نقد رقم-/45000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/4960 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد افتخار احمد گھمن گواہ شد نمبر 1 لیاقت احمد شاہد ولد غلام محمد حق گواہ شد نمبر 2 وحید احمد ناصر ولد رشید احمد ناصر

مسل نمبر 67154 میں شفقت پروین

زوجہ افتخار احمد گھمن قوم کلّو پیشہ خانہ داری عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹر صدر انجمن ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-10-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور طلائی اندازاً مالیتی دو لاکھ بیس روپے (2) حق مہر-/20000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شفقت پروین گواہ شد نمبر 1 نسیم احمد شمس ولد عبدالعزیز (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 خلیل احمد گھمن ولد فقیر محمد گھمن

مسل نمبر 67155 میں عبدالستار بٹ

ولد عبدالمجید بٹ قوم بٹ پیشہ پنشنر عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محلّہ نصرت آباد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-2-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان رقبہ 6 مرلے اندازاً مالیتی 3 لاکھ روپے (2) گریجوئٹی 4 لاکھ روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/4566 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد صوبیدار عبدالستار بٹ گواہ شد نمبر 1 نصراللہ خان ولد صوفی محمد یعقوب خان گواہ شد نمبر 2 فضل حسین ولد غلام محمد

مسل نمبر 67156 میں مبارکہ ستار

زوجہ عبدالستار بٹ قوم بٹ پیشہ خانہ داری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصرت آباد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور تین تولے اندازاً مالیتی-/36000 روپے (2) پلاٹ 6 مرلے اندازاً مالیتی-/2,40,000 روپے بمقام نصرت آباد۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مبارکہ ستار گواہ شد نمبر 1 نصراللہ خان ولد صوفی محمد یعقوب خان گواہ شد نمبر 2 فضل حسین ولد غلام محمد

مسل نمبر 67157 میں سلمیٰ تنویر

زوجہ تنویر احمد شاہد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر جنوبی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور طلائی وزن 36G-350MG جس کی اندازاً مالیت-/37000 روپے (2) حق مہر-/20,000 روپے وصول شدہ۔ اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سلمیٰ تنویر۔ گواہ شد نمبر 1 مسرور احمد ولد چوہدری مسعود احمد۔ گواہ شد نمبر 2 رانا خالد احمد ولد لطیف احمد

مسل نمبر 67158 میں اسماء چوہدری

بنت چوہدری تنویر احمد شاہد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر جنوبی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور طلائی وزن 9G-980MG جس کی اندازاً مالیتی-/10,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ اسماء چوہدری۔ گواہ شد نمبر 1 مسرور احمد ولد چوہدری مسعود احمد۔ گواہ شد نمبر 2 رانا خالد احمد ولد لطیف احمد

مسل نمبر 67159 میں شریفاں بی بی

